نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی برطانیہ کے دورہ کے دوران سرگرمیان

پرائمارک گلوبل کمپنی کے تعاون سے صوبہ میں کپاس کی کوالٹی پروڈکشن کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:05 جون 2026: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی برطانیہ کے دورے کے دوران سرگرمیاں جاری ہیں۔ وفد میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور دیگر ممبران شامل ہیں۔ وفد نے پرائمارک گلوبل کمپنی کے آفس کا دورہ کیا۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پرائمارک گلوبل کمپنی کے تعاون سے صوبہ میں کپاس کی کوالٹی پروڈکشن کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ پرائمارک گلوبل کمپنی پنجاب میں کپاس کی معیاری پیداوار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پرائمارک گلوبل کمپنی کے ذریعے کپاس کی اعلیٰ کوالٹی کی پیداوار کے رجحانات میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆